PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE
PCB.COM.PK

# دورۂ متحدہ عرب امارات کے لیے پاکستان انڈر 19 اسکواڈ کا اعلان کر دیا گیا

- سعد بیگ کی زیر قیادت ٹیم دبئی میں 50 اوورز کی سہ فریقی سیریز میں حصہ لے گی
- سیریز میں شریک دیگر ٹیمیں افغانستان اور متحدہ عرب امارات شامل ہیں
- پاکستان انڈر 19 ٹیم انڈر 19 ایشیا کپ میں بھی حصہ لے گی

**لاہور، 8 نومبر 2024ء:**

پاکستان کرکٹ بورڈ نے 13 نومبر سے 8 دسمبر تک متحدہ عرب امارات میں ہونے والے 50 اوورز کی سہ فریقی سیریز اور اے سی سی انڈر 19 ایشیا کپ کے لیے اسکواڈ کا اعلان کر دیا ہے۔

اے سی سی انڈر 19 ایشیا کپ اور آئی سی سی انڈر 19 ورلڈ کپ 2024 کے آخری ایڈیشن میں پاکستان انڈر 19 ٹیم کی قیادت کرنے والے سعد بیگ کو 29 نومبر سے شروع ہونے والے ایشیا کپ کے لیے 15 کھلاڑیوں پر مشتمل اسکواڈ کا کپتان مقرر کیا گیا ہے۔

سعد، علی رضا، ہارون ارشد، محمد ریاض اللہ، نوید احمد خان اور شاہ زیب خان سمیت چھ کھلاڑیوں نے جنوبی افریقہ میں ہونے والے آئی سی سی انڈر 19 ورلڈ کپ 2024 میں پاکستان کی نمائندگی کی تھی جبکہ طیب عارف دوسرے کھلاڑی ہیں جو پاکستان انڈر 19 کے لیے کھیل چکے ہیں۔

قومی سلیکشن کمیٹی نے 120 کھلاڑیوں میں سے 15 رکنی اسکواڈ کو منتخب کرنے کے لیے ٹرائلز اور سلیکشن میچز کا انعقاد کیا تھا۔

سعد بیگ کی قیادت میں ٹیم 50 اوورز کی سہ فریقی سیریز میں شرکت کے لیے 9 نومبر کو لاہور سے متحدہ عرب امارات کے لیے روانہ ہو گی، جہاں وہ 13 نومبر کو افتتاحی میچ میں میزبان متحدہ عرب امارات کا مقابلہ کرے گی۔ ٹورنامنٹ ڈبل لیگ فارمیٹ پر کھیلا جائے گا جس کا فائنل 26 نومبر کو کھیلا جائے گا۔

50 اوورز کے انڈر 19 ایشیا کپ میں، پاکستان انڈر 19 کو گروپ اے میں رکھا گیا ہے اور وہ ٹورنامنٹ کے اپنے پہلے میچ میں 30 نومبر کو بھارت سے مقابلہ کرے گی جس کے بعد دو اور چار دسمبر کو اس کا مقابلہ متحدہ عرب امارات اور جاپان سے ہو گا۔ سیمی فائنلز چھ دسمبر کو اور فائنل آٹھ دسمبر کو ہو گا۔

**دورہ متحدہ عرب امارات کے لیے پاکستان انڈر 19 اسکواڈ:**

سعد بیگ (کپتان، وکٹ کیپر) (کراچی)، عبد السبحان (ایبٹ آباد)، علی رضا (سیالکوٹ)، فہم الحق (لاہور)، فرحان یوسف (لاہور)، ہارون ارشد (کراچی)، حسن خان (راولپنڈی))، محمد احمد (لاہور)، محمد حذیفہ (بہاولپور)، محمد ریاض اللہ (ایبٹ آباد)، نوید احمد خان (کراچی)، شاہ زیب خان (ایبٹ آباد)، طیب عارف (سیالکوٹ)، عمر زیب (ایبٹ آباد) اور عثمان خان (فاٹا

محمد حذیفہ صرف سہ فریقی سیریز کے لیے اسکواڈ کا حصہ ہیں۔

**نان ٹریولنگ ریزرو۔**

احمد حسین (پشاور) رضوان اللہ (کراچی)، محمد حذیفہ (بہاولپور)، اور یحییٰ بن عبد الرحمٰن (لاہور)

**پلیئر سپورٹ اسٹاف:**

غلام علی (ہیڈ کوچ)، آغا صابر علی (اسسٹنٹ / فیلڈنگ کوچ)، محمد علیم باجوہ (فزیو)، محمد طلحہ (انالسٹ)، ریحان ریاض (بولنگ کوچ) اور صبور احمد (اسٹرنتھ اینڈ کنڈیشننگ کوچ)، سید نذیر احمد (میڈیا منیجر)

یو اے ای کے دورے کا شیڈول۔

**سہ فریقی سیریز؛ تمام میچز آئی سی سی اکیڈمی، دبئی میں کھیلے جائیں گے**

13 نومبر - پاکستان بمقابلہ متحدہ عرب امارات پاکستانی وقت کے مطابق صبح ساڑھے دس بجے

15 نومبر - پاکستان بمقابلہ افغانستان۔ پاکستانی وقت کے مطابق صبح ساڑھے دس بجے۔

20 نومبر - پاکستان بمقابلہ افغانستان۔ پاکستانی وقت کے مطابق صبح ساڑھے دس بجے۔

22 نومبر - پاکستان بمقابلہ متحدہ عرب امارات۔ پاکستانی وقت کے مطابق صبح ساڑھے دس بجے۔

26 نومبر - فائنل۔ پاکستانی وقت کے مطابق صبح ساڑھے دس بجے۔

**اے سی سی انڈر 19 ایشیا کپ؛ گروپ اے کے میچ دبئی انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلے جائیں گے**

30 نومبر - پاکستان بمقابلہ انڈیا۔ پاکستانی وقت کے مطابق صبح ساڑھے دس بجے۔

2 دسمبر پاکستان بمقابلہ متحدہ عرب امارات۔ پاکستانی وقت کے مطابق صبح ساڑھے دس بجے۔

4 دسمبر - پاکستان بمقابلہ جاپان پاکستانی وقت کے مطابق صبح ساڑھے دس بجے۔

6 دسمبر - سیمی فائنل 1 (A1 بمقابلہ B2) اور سیمی فائنل 2 (B1 بمقابلہ A2) پاکستانی وقت کے مطابق صبح ساڑھے دس بجے۔

8 دسمبر - فائنل۔ پاکستانی وقت کے مطابق صبح ساڑھے دس بجے

-END-

Media contact:

**Media, Communications and Digital Department**
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners
Broadcast & Live Streaming Partners
Pathway Cricket Programme
PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4
pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial